تاریخ و شجرہ نسب

سادات حسنی

بسلسلہ حضرت میاں مکرم شاہ رَحمۃُاللہ عَلَیہ

(المعروف میاں بابا)

مؤلف:

میاں نثار علی

گران پبلکیشنز سوات

ملک سپر مارکیٹ نشاط چوک مینگورہ سوات

Cell: 0345-9523153 / 0341-9526951, Ph: 0946-700547

جملہ حقوق بہ حق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب	....	تاریخ و شجرہء نسب سادات حسنی بسلسلہ حضرت میاں مکرم شاہ رَحمۃُاللہ عَلَیہ (المعروف میاں بابا)
مؤلف	....	میاں نثار علی
ناشر	....	سمیع اللہ گران
ٹائٹل	....	مراد آرٹسٹ
ڈیزائننگ	....	لقمان حکیم
پروف ریڈنگ	....	ڈاکٹر صادق یوسفزئی
اشاعتِ اول	....	اکتوبر، ۲۰۲۴ء
پرنٹر	....	گران خپرندویہ ٹولنہ سوات

ملنے کا پتہ:

یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور

نور محمد بک ایجنسی سہراب خان چوک مینگورہ سوات

انتساب

میرے والد میرے محسن

میاں سید عثمان

بن میاں ڈگر بن میاں عاقیبت شاہ بن میاں اسد اللہ

کے نام

میاں نثار علی

فہرست

صفحہ	عنوان	نمبر شمار
7	اقرار نامہ بابت تاریخ سادات حسنی	.1
9	میاں گان، سیدان، سادات	.2
13	حضرت محمدؐ کے اباؤ اجداد	.3
15	حضورؐ کا شجرہء مبارک	.4
19	حضرت محمدؐ کے سلسلۂ نسب کی عظمت و شرافت	.5
20	سادات نسب کے سرپرست اعلیٰ حضرت محمدؐ	.6
21	قرآن مجید میں اسم محمد و اسم احمد	.7
22	اسم احمد	.8
23	سادات	.9
24	سادات ہاشمی	.10
24	سادات علوی	.11
24	سادات علوی اور سادات حسنی و حسینی میں فرق	.12
25	ترمذی سادات (سادات حسینی)	.13
28	سیدان، میاں گان اور سادات کی اقسام	.14
30	شجرہء نسب پاپینی میاں گان	.15
31	حضرت سید شاہ دالدینؒ	.16
31	پسرانِ حضرت میاں محمد طاہر	.17
32	حضرت میاں محمد شریف	.18
32	پسرانِ حضرت میاں محمد شریف	.19
34	حضرت میاں مکرم شاہ (المعروف میاں بابا)	.20
35	ازواج حضرت میاں مکرم شاہ (المعروف میاں بابا)	.21

36	پسرانِ حضرت میاں مکرم شاہ (المعروف میاں بابا)	22.
41	شجرہء نسب (میاں گان، سیدان، سادات)	23.
42	میاں ڈگر بن میاں عاقیبت شاہ کی اولاد	24.
50	میاں صدبر شاہ بن میاں اسد اللہ کی اولاد	25.
54	میاں گل محمد (ماسارو میاں، بنجاری میاں، گل میاں) کی اولاد	26.
59	میاں عبد القدوس بن میاں عبد الودود کی اولاد	27.
65	میاں عبد المجید بن میاں عبد الصمد کی اولاد	28.
68	میاں سید گوہر (لنڈو میاں) بن میاں عبد الصمد کی اولاد	29.
75	میاں سید گوہر بن میاں محمد کی اولاد	30.
78	میاں مونجا بن میاں محمد کی اولاد	31.
89	میاں بوڑا بن میاں محمد کی اولاد	32.
95	میاں شہزادہ بن میاں بوڑا کی اولاد	33.
99	میاں گان، کی علمی، تعلیمی، کاروباری اور سیاسی فہم وفراست	34.
100	اردن کے شاہی خاندان (سادات حسنی) کا شجرہء نسب	35.
102	نوٹ.برائے ایڈیشن نمبر 2، پسران حضرت میاں محمد شریف	36.

مصنف کا تعارف:

نام : میاں نثار علی

نام والد : میاں سید عثمان

نام کتاب : تاریخ و شجرہ نسب (میاں گان، سیدان، سادات حسنی)

بسلسلہ حضرت میاں مکرم شاہ رَحْمَۃُاللہ عَلَیہ (المعروف میاں بابا)

سن اشاعت ۲۰۲۴ء

مکمل پتا: گلی گرام، تحصیل بابوزئی، ضلع سوات، پاکستان

تعلیم : ایم ،اے انٹر نیشنل ریلیشنز اینڈ بی،ایس، سی بیالوجیکل سائنس

سر گرمیاں: مرکزی صدر: پاکستان گلوبل کونسل

سعودی عرب (۲۰۲۳ - ۲۰۱۴)

مرکزی صدر: پاکستان رائیٹرز کلب، سعودی عرب (۲۰۱۳ - ۲۰۰۹)

مرکزی بانی و صدر: الخیر سماجی فلاحی تنظیم، گلی گرام و ملحقہ مضافات

دیگر تصانیف: تعبیر کائنات، سن اشاعت ۲۰۰۶ء

اقرار نامہ بابت تاریخِ سادات حسّنی (میاں گان/سادات) (گلی گرام، سیر ئی،اخوند بابا، بلوگرام، کلاڈھیر،زولاڈھیر اور گوگدرہ)

ہم ذمہ داران و مشران "سادات حسّنی" مذکورہ چھے خاندان گلی گرام،سیر ئی،اخوند بابا،کلا ڈھیر،زولاڈھیراور گوگدرہ حَلفاً اقرار کر کے لکھ دیتے ہیں کہ حضرت میاں مکرم شاہ رَحمتُ اللہ عَلَیہ (المعروف میاں بابا) کے سادات نسب کے بارے میں اس تحقیقی کتاب میں ابتدا سے لے کر ۲۰۲۴ء تک ہمارے اباواجداد کے جو اسمائے گرامی شامل کیے گئے ہیں ۔ وہ ہمارے علم اور معلومات کے مطابق بالکل درست اور ٹھیک ہیں۔

میاں جانی ملک بن میاں گل باچا

اولاد میاں سید گوہر بابا

میاں افسر علی بن میاں سید عثمان

اولاد میاں اسد اللہ بابا



میاں امان الدین بن میاں حضرت عثمان

اولاد میاں مونجا بابا

میاں ظاہر شاہ بن میاں عالم زیب

اولاد میاں بوڑا بابا

میاں سیراج باچا بن میاں منہاج

اولاد میاں عبدالقدوس بابا

میاں روزی خان بن میاں عبدالمتین

اولاد میاں عبدالمجید بابا

میاں گان - سیدان - سادات

(گلی گرام، سیرئی، اخوند بابا، بلوگرام، کلاڈھیر، زولاڈھیر اور گوگدرہ)

بازو ترا توحید کی قوت سے قوی ہے

اسلام ترا دیس ہے تو مصطفوی ہے

اگر دنیا کی تاریخ پر نظر ڈالی جائے تو انسان کم حاضر دماغی کے ساتھ ساتھ چیزوں کو بھولتا ہوا پایا گیا ہے۔ انسان اپنی تاریخ بھول کر مادی فوائد میں مشغول ہوتا ہوا پایا گیا ہے۔ دنیا کی تاریخ شاہد ہے کہ جن قوموں اور قبیلوں نے اپنی تاریخ کو نظر انداز کیا ہے وہ تاریخ کے صفحات سے مٹ چکے ہیں۔

لفظ میاں کی جمع میاں گان ہے۔ جب کہ لفظ سید کی جمع سیدان یا سادات ہیں۔ ان کا شجرہ ءنسب حضرت محمد ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ زہراؓ اور نواسے حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ سے جا ملتا ہے۔ تمام میاں گان، سیدان چاہے وہ حسنی ہو یا حسینی وہ اہلِ بیت یعنی آلِ رسول ﷺ ہیں۔ قرآنِ مجید میں مذکور اہلِ بیت سے مراد رسول اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات، آپ صلیٰ اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد، سیدنا علی کرم اللہ وجہہ اور سیدنا حسنین کریمین علیہما السلام ہیں۔

نبی کریم ﷺ کی تمام زریات طیبات حضرت قاسمؓ، حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت ام کلثومؓ، حضرت عبد اللہؓ، حضرت فاطمہؓ اور حضرت ابراہیمؓ اہل بیت نبوی میں داخل و شامل ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ آپ کی نرینہ اولاد کا بچپن میں ہی انتقال ہو گیا تھا، لیکن حضور ﷺ کی چاروں صاحبزادیاں زندہ رہیں۔ حضرت ام کلثومؓ کو چھوڑ کر باقی تمام

صاحبزادیاں صاحب اولاد ہوئیں، لیکن حضرت فاطمہؓ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک نسل چل رہی ہے۔

دنیا میں جہاں کہیں بھی حضور ﷺ کا خاندان موجود ہے وہ حضرت فاطمہؓ کے دو فرزند حضرت حسنؓ و حسینؓ کی ہی نسل سے ہیں، حالانکہ حضرت فاطمہؓ کی پانچ اولادیں تھیں دو صاحبزادیاں حضرت زینبؓ اور حضرت ام کلثومؓ اور تین فرزند حضرت محسنؓ، حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ لیکن سادات کی نسل صرف حضرت حسنؓ و حسینؓ سے چلی۔ حضرت محسنؓ کا انتقال بھی بچپن میں ہی ہو گیا تھا۔

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ : "حسنؓ و حسینؓ میرا رزق ہیں"، بتادیا کہ یہ رہیں گے اور ان کی وجہ سے میری آل، نسل اور زریت چلے گی، یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے کہ آپ کی صاحبزادی سے جو نسل چلی وہ آپ کی نسل سمجھی گئی ورنہ عام قاعدہ یہ ہے کہ انسان کی نسل اس کے بیٹوں سے چلتی ہے۔ حضرت فاطمہؓ کی جو اولاد ہیں ان سے حضور کی نسل چلی اور انہیں کو سید کہا جاتا ہے اور سید کہنے کی وجہ یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرات حسنینؓ کو "سیدا شباب اہل الجنتہ" یعنی جنت کے نوجوانوں کے سردار کا لقب عطا فرمایا، اسی مناسبت سے ان کی نسل کو سید کہا جاتا ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ رسول اکرم صلیٰ اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل قیامت تک موجود رہے گی۔

حدیث کی متعدد روایات جن کو ابنِ کثیر نے نقل کیا ہے اس پر شاہد ہیں کہ اہلِ بیت میں حضرت فاطمہ زہراؓ اور علی کرم اللہ وجہہؓ اور حضرت حسنؓ و حسینؓ بھی شامل ہیں، جیسے "صحیح مسلم" کی حدیث ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی صلیٰ اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کے وقت ایک سیاہ رومی چادر اوڑھے ہوئے باہر تشریف لائے تو آپ صلیٰ اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حضرت حسنؓ آئے تو آپ صلیٰ اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُنہیں اُس چادر میں داخل کر لیا پھر حضرت حسینؓ آئے اور وہ بھی ان کے ہمراہ اس

چادر میں داخل ہوگئے، پھر حضرت سیدہ فاطمہ زہرؓ آئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں بھی اس چادر میں داخل کرلیا، پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُنہیں بھی چادر میں داخل فرمالیا، پھر سورہ احزاب کی آیت نمبر ۳۳ تلاوت فرمائی۔

(إِنَّما يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهيراً)

(بے شک خداوند عالم چاہتا ہے کہ اے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) اہل بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا میل (اور شک و نقص کی گرد تک) دور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک اور صاف کر دے۔

عرب معاشرے میں قریش کو پہلے ہی اہمیت حاصل تھی، جس پر خود قرآن حکیم کی سورہ قریش شاہد ہے، تاہم نبی کریمؐ کی اس خاندان میں تشریف آوری کے سبب اس کی اہمیت دو چند نہیں بلکہ کئی چند ہو گئی۔ رسالت مآبؐ کی پیش گوئی کے مطابق چونکہ آپؐ کی اولاد میں ہدایت کا سلسلہ جاری رہنا تھا، اس لیے فاطمی اور سادات کہلانے والے سلسلے امت میں ایک خاص مقام کے حامل ہوگئے، جسے سیاسی اہمیت سے بڑھ کر روحانی اور معنوی مقام حاصل تھا۔

ساداتِ کرام نے دین اسلام کے لیے اپنی بے پناہ قربانیوں سے دنیا والوں پر ثابت کر دیا ہے کہ وہ اعلیٰ درجے کی عزت و احترام اور محبت کے لائق ہیں۔ انھوں نے دین اسلام کی ترویج اور بقاء کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے جس انداز سے پیش کیے، اس کی مثال پوری دنیا میں نہیں ملتی۔ اسی طرح اس خاندان میں اولیاء، علماء، حکماء اور فقہاء کا ہر دور میں کثرت سے ہونا بھی اس سلسلۂ نسب کی انتہائی توقیر و تعظیم کا سبب بنا۔ میدان سیاست میں بھی یہ خاندان صف اول میں رہا اور آج بھی سیاست کے نہایت اہم مناصب پر اس خاندان کے فرزند دیکھے جاسکتے ہیں۔ عام لوگ اگرچہ سادات کو اتنی باریکی میں نہیں جانتے، لیکن خواص اور اہل نظر ان امور کی اہمیت کو سمجھتے ہیں۔

لفظ "میاں یا سیّد" کے لغوی معنی سر دار، آقا، مالک، بزرگ، چیف اور قابل احترام وغیرہ ہیں، جب کہ مسلمان احتراماً یہ لفظ رسول اکرم صلی اللہ کے دونوں نواسوں، امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما کی اولادِ پاک کے لیے بولتے ہیں۔ نیز اہلِ عرب سادات کے لیے لفظ ''شریف'' استعمال کرتے ہیں، جیسا کہ علماء و فقہاء کی عبارات سے واضح ہے۔ صدرِ اول (شروع زمانے) میں عباسی، علوی وغیرہ تمام بنوہاشم کو شریف (سیّد) کہا جاتا تھا اور یقیناً تمام مسلمانانِ بنوہاشم نبی کریم ﷺ کی نسبت ہاشمی کا شرف رکھتے ہیں، لیکن بعد میں شریف (سیّد) کا لفظ بطورِ خاص حضرت سیدنا امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما کی اولاد پاک کے لیے مستعمل ہوا، اور آج تک عرب و عجم کے عرف میں اسی معنیٰ کے اعتبار سے شریف اور سیّد کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے، لہٰذا حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کی اولاد کے علاوہ کسی ہاشمی (عباسی، علوی، قریشی وغیرہ) کا اپنے آپ کو سیّد کہنا یا کہلوانا یا اپنے نام کی ابتدا میں سیّد لکھنا، پاک و ہند اور اس طرح کے دیگر ممالک کے عرف کے مطابق درست نہیں، کیونکہ کسی کے نام کے ساتھ سیّد کا ٹائٹل (عنوان) لگا ہوا ہو، تو فوراً ذہن اسی طرف جاتا ہے کہ یہ حضراتِ حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کے ذریعے نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نسل پاک میں سے ہے، جبکہ عباسی یا علوی وغیرہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اولاد میں سے نہیں ہیں۔

حضرت محمد ﷺ کے آباؤاجداد:

حضرت محمد ﷺ کو زندگی کے ہر پہلو میں انسانیت کے لیے بہترین نمونہ بنا کر بھیجا گیا ہے، اس لیے آپ ﷺ کا سلسلۂ نسب بھی ہر لحاظ سے بے مثال اور لاثانی تھا۔ آپ ﷺ کا سلسلۂ نسب اپنی سچائی، امانت داری، ہمدردی اور رحمدلی کی صفات کے لیے پورے جزیرہ عرب میں مشہور اور منفرد تھا جس کا ذکر، خود احادیث طیّبہ میں نبی ﷺ نے مختلف مقامات پر فرمایا ہے۔

نبی اکرم ﷺ کا تعلق حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی نسل سے تھا۔ جنہیں عام طور پر بنو اسماعیل (اسماعیل علیہ السّلام کی اولاد) کہا جاتا ہے۔ حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی اولاد میں سے ایک بیٹے کا نام قدیر (کیدار) تھا جن کی نسل میں سے حضرتِ عدنان مشہور ہوئے جو عرب کے تمام عدنانی قبیلوں کے جد اعلیٰ تھے۔ رسول اللہ ﷺ کا تعلق بھی عدنانیوں کی ایک شاخ سے تھا جو "قریش" کے نام سے جانی جاتی تھی۔ یہ شاخ فہر بن مالک کی اولاد میں سے تھی۔

حضرت محمد ﷺ کا شجرۂ نسب تمام علماء، ماہرینِ انساب و مؤرخین کے نزدیک آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر عدنان تک متفق علیہ اور مسلم نسب ہے، اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ حضرتِ عدنان تک حضور ﷺ کا شجرۂ نسب ناقابل تردید طور پر واضح ہے جو بیس (۲۰) واسطوں سے ہوتا ہوا ان تک پہنچتا ہے۔ اس حوالہ سے ابن ہشام فرماتے ہیں:

محمد بن عبد اللہ ابن عبد المطلب (شیبہ) بن ہاشم (عمرو) بن عبد مناف (المغیرہ) بن قصی (زید) بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر (قریش) بن مالک بن النضر (قیس) بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ (عامر) بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن اِد (اِدد)۔

ایک روایت کے مطابق جس کو امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے، اس میں حضور ﷺ نے فرمایا:

إنَّ اللَّهَ خلقَ الخلقَ، فجعَلَني مِن خَيرِ فِرَقِهِم۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کی تشکیل کی اور مجھے ان کے بہترین گروہ میں رکھا۔

رسول اللہ ﷺ کے سلسلہء نسب کی تفصیلات کے حوالے سے مؤرخین نے حضرتِ عدنان اور ابراہیم علیہ السّلام کے درمیان ۱۰ ،۲۰ اور ۲۵ واسطوں کا ذکر کیا ہے تاہم سب سے مستند روایت یہ معلوم ہوتی ہے کہ حضرتِ عدنان اور ابراہیم علیہ السلام کے درمیان ۴۰ واسطے تھے۔ ابراہیم علیہ السّلام اور حضرتِ عدنان کے درمیان تقریباً ۱۸۰۰ء سال کا فرق ہے اور یہ ناممکن ہے کہ ان کے درمیان صرف ۱۰، ۱۵ یا ۲۰ آباؤ اجداد ہوں۔ حضرتِ عدنان سے آدم علیہ السّلام تک مکمل سلسلہء نسب جس کو طبری نے بیان کیا ہے درج ذیل ہے:

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ان االله اصطفي من ولد ابراهيم اسماعيل، واصطفي من ولد اسماعيل بني كنانة، واصطفي من بني كنانة قريشاً، واصطفي من قريش بني هاشم، واصطفاني من بني هاشم۔

ترجمہ: ’’بے شک ربِ کائنات نے اِبراہیم (علیہ السلام) کی اَولاد میں سے اِسماعیل (علیہ السلام) کو منتخب فرمایا، اور اِسماعیل (علیہ السلام) کی اَولاد میں سے بنی کنانہ کو، اور اَولادِ کنانہ میں سے قریش کو، اور قریش میں سے بنی ہاشم کو، اور بنی ہاشم میں سے مجھے شرفِ اِنتخاب سے نوازا اور پسند فرمایا۔‘‘

حضور نبی کریم ﷺ کا شجرہء مبارک

(محمد ﷺ سے حضرت آدم صفی اللہ تک)

حضرت محمدؐ کا سلسلہء نسب تمام عالم کے سلاسل انساب سے اعلیٰ و برتر ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تسلیما کثیرا۔

بن عبد اللہ (عام الفیل سے ۲۵ سال پہلے پیدا ہوئے)

بن عبد المطلب (ان کا نام شیبۃ الحمد تھا، وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جب یہ پیدا ہوئے تو ان کے سر میں سفیدی تھی آپ کے چچا مطلب جب آپ کو مکہ میں لیکر آئے تو قریش کے لوگوں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟آپ کے چچا نے جواب دیا"عبدی" یہیں سے آپ کو عبدالمطلب کہا جانے لگا۔جب آقا علیہ الصلوۃ والسلام کی عمر مبارک آٹھ سال تھی تو ان کا وصال ہوا، ان کی اولاد میں عباس بن عبد المطلب، حارث بن عبد المطلب، ابوطالب بن عبد المطلب اور ابو لہب بن عبد المطلب شامل ہیں۔

بن ہاشم (ان کا نام عمرو العلا ہے، ان کی ماں کا نام عاتکہ بنت مرۃ بن ہلال بن فَالج بن ذکوان ہے) بن عبد مناف (ان کا نام مغیرہ ہے،ان کی خوبصورتی کی وجہ سے انھیں " قمر البطحا بھی کہا جاتا ہے،ان کی والدہ کا نام حبّی بنت حُلَیل بن حُبشِیَّہ بن سلول بن کعب بن خزاعہ ہے،ان کی اولاد میں مطلب بن عبد مناف، (امام شافعی اسی سلسلے سے ہیں) نوفل بن عبد مناف، عبد شمس بن عبد مناف(بنو امیہ خاندان ان سے ہیں) شامل ہیں۔ بن قصی (ان کا نام زید ہے اور ان کی والدہ کا نام عاتکہ بنت ہلال ہے،ان کی اولاد میں عبدالعزی بن قصی، (یہ حضرت خدیجہ کے ددھیال ہیں)، عبدالدار بن قصی بن کلاب (ان کا نام حکیم ہے،ان کی والدہ کا نام ہند بنت سُرَیر بن ثعلبہ ہے اور ان کے دو بیٹے ہیں قصی اور زہرہ)۔

بن مُرہ (ان کی کنیت ابو یقظہ ہے اور ان کی ماں کا نام مَخشِیَّہ بنت شَیبان بن مُحارب بن فِہر ہے)

بن کعب (ان کی والدہ کا نام ماویۃ بنت کعب بن القَین القضاعیہ ہے ان کے تین بیٹے ہیں، مُرّہ، ھُصَیص اور عَدِّی)۔

بن لؤی (ان کی کنیت ابو کعب ہے،ان کے سات بیٹے ہیں، کعب، عامر، سامہ، خزیمہ، سعد، حارث اور عوف۔ان کی والدہ کا نام عاتکہ بنت یخلد ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان کی والدہ کا نام سلمیٰ بنت الحارث ہے)۔

بن غالب (ان کی والدہ کا نام لیلیٰ بنت الحارث بن تمیم بن ھُذَیل بن مُدرکہ ہے،لوئی اور تَیم ان کے بیٹے ہیں)۔

بن فِہر (ان کی والدہ کا نام جَندلہ بنت عامر بن الحارث ہے)۔

بن مالک (ان کی کنیت ابوالحارث ہے اور ان کی والدہ کا نام عاتکہ ہے)۔

بن النضر (ان کا نام قیس ہے، ان کی والدہ کا نام عاتکہ بنت عدوان بن قیس بن عمرو ہے)۔

بن کنانۃ (ان کی والدہ کا نام عوانہ بنت سعد بن قیس بن عَیلان بن مُضر ہے اور ان کے بیٹوں کے نام مِلکان، النضر، عمر اور عامر ہیں)۔

بن خزیمۃ (ان کی کنیت ابو اسد ہے،ان کی والدہ کا نام سلمیٰ بنت اسلم بن الحاف بن قُضاعہ ہے)۔

بن مدرکۃ (ان کا نام عمرو اور کنیت ابو ہذیل ہے، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان کی کنیت ابو خزیمہ ہے)۔

بن الیاس (ان کی والدہ کا نام رباب بنت حَیدہ بن معد بن عدنان ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان کی والدہ کا نام حَنفاء بنت اِیاد ہے)۔

بن مضر (ان کا نام عمرو اور کنیت ابوالیاس ہے، اور ان کی والدہ کا نام سودہ بنت عک بن عدنان ہے)۔

بن نزار (ان کی کنیت ابواِیاد ہے، یاابو ربیعہ ہے، اور ان کی والدہ کا نام مُعانہ بنت جَوشم ہے)۔

بن معد (ان کی کنیت ابو قضاعہ ہے، یا کہا جاتا ہے کہ ابو نزار ہے، ان کی والدہ کا نام مَہَد دبنت اللھم بن جحب بن جدیس ہے)۔
بن عدنان (ان کی کنیت ابو معدّ ہے اور ان کی والدہ کا نام بلہاء بنت یعرب بن قحطان ہے)۔
بن اُد (ان کی والدہ کا نام النعجاء بنت عمرو بن تُبَّع ہے، ابن ہشام نے کہا کہ اُد ہی اُدد ہے، ابن ہشام کے مطابق شجرہ اس طرح ہے، یعنی اُد بن مقوم بن ناحور بن تَیرح بن یعرُب بن یشجب بن نابت بن اسماعیل ہے)۔
بن اُدَد (ان کی والدہ کا نام حَیَّہ القحطانیہ ہے)۔
بن الیسع بن الھمَیسع (ان کی والدہ کا نام حارثہ بنت مرداس بن رُرعہ ذی رُعَین الحمیری ہے)۔
بن سلامان بن نبت (ان کی والدہ کا نام ہامہ بنت زید بن کَھلَان بن سباء بن یَشجُب بن یَعرُب بن قحطان ہے)۔
بن حَمل بن قیذار (ان کی والدہ کا نام ہالہ بنت الحارث بنت مِضاض الجُرھمی ہے)۔
بن اسماعیل علیہ السلام (آپ ذبیح اللہ ہیں، آپ کی والدہ کا نام حضرت ہاجرہ ہے)۔
بن ابراھیم خلیل اللہ علیھم الصلاۃ والسلام (آپ ابو الانبیاء ہیں، آپ کی والدہ کا نام نونار ہے، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آپ کی والدہ کا نام لیوثی ہے)۔
بن تارَح (آپ کی والدہ کا نام سلمی ہے)۔
بن ناحُور بن ساروغ (ان کا نام شاروخ بھی بتایا گیا ہے)۔
بن اَرغُو بن قالغ (ان کا نام فالغ بھی بتایا گیا ہے، قیس اور یمن کے علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ ھود علیہ السلام ہیں)۔
بن عابر (ان کا نام عَیَبر بھی بتایا گیا ہے، یہ پورے یمن کے جد امجد ہیں، ان کی طرف منسوب والے قبائل میں الازد، خَثعم، بَجِیلہ، ہمدان، اَلھان، اشعر، طَیّی، مَذحِج، خولان، مَعافر، عَامِلہ، جُذام، لخم، کندہ اور حِمیَر شامل ہیں)

بن شالخ (امام سہیلی نے کہا کہ اس کا معنی رسول یا وکیل ہوتا ہے)۔

بن اَرفَخشذ بن سام بن نوح علیہ السلام (امام نووی نے کہا کہ یہ عجمی نام ہے، اور یہ بھی کہا گیا کہ یہ عربی ہے اور نَاحَ یَنوحُ نَوحا ونیاحۃ سے ماخوذ ہے)۔

بن لمک (ان کا نام لامک بھی بتایا گیا ہے، اس کا معنی ہے متواضع)۔

بن مُتُّو شلَخ بن اَخنُوخ (ان کا نام خنوخ بھی بتایا گیا ہے)۔

بن یارد (ان کا نام یارد بھی بتایا گیا ہے)۔

بن مَھلَاییل بن قَینَان (ان کا نام قینن بھی بتایا گیا ہے)۔

بن اَنُوش (ان کو یانش بھی کہا گیا ہے)۔

بن شیث علیہ السلام بن آدم صفی اللہ (ابوالبشر اور زمین میں اللہ تعالیٰ کے خلیفہ ہیں)۔

پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نسبِ مبارک کا یہ سلسلہ اہل کتاب نے بھی اپنی کتابوں میں فراہم کیا ہے، اور قدیم اہل عرب کے اشعار سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے۔ مزید برآں، اس نسب کی تائید عرب قبائل کے لوگوں کے ایک بڑے گروہ نے بھی کی ہے جو نسب کے میدان میں حقیقی ماہر اور اس فن کے اصل علمبردار تھے۔

حضرت محمد ﷺ کے سلسلۂ نسب کی عظمت و شرافت:

دنیا کی تاریخ شاہد ہے کہ انبیاء کرام کا تعلق ہمیشہ اعلیٰ خاندانوں اور پاک انساب سے رہا ہے۔ جعفر ابن ابو طالب رضی اللہ عنہ نے حبشی بادشاہ نجاشی کے ساتھ اپنی گفتگو میں اس کا ذکر کیا تھا۔ حضور ﷺ پر ایمان لانے کی ایک وجہ بتاتے ہوئے انہوں نے فرمایا:

بعث اللہ إلینا رسولا منا، نعرف نسبہ وصدقہ وامانتہ وعفافہ.

اللہ تعالیٰ نے ہمارے درمیان ایک ایسا رسول مبعوث کیا جس کے نسب، سچائی، دیانت اور پاکیزگی کو ہم جانتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے اپنے نسب شریف کی اہمیت و فضیلت کے بارے میں خود بھی ارشاد فرمایا: إن اللہ اصطفی کنانۃ من ولد إسماعیل، واصطفی قریشا من کنانۃ، واصطفی ہاشما من قریش، واصطفانی من بنی ہاشم۔

ترجمہ "بے شک اللہ تعالیٰ نے بنی اسماعیل میں سے کنانہ کو چن لیا، پھر کنانہ میں سے قریش کو چن لیا، پھر قریش میں سے قبیلہ ہاشم کو چن لیا، پھر قبیلہ ہاشم میں سے مجھے چن لیا"۔

یعنی میں سے مراد (محمد ﷺ) ہے۔ اپنے حسب و نسب کے اعتبار سے اعلیٰ ہوں اور عربوں کے عمدہ ترین خاندان سے تعلق رکھتا ہوں)۔

سادات نسب کے سرپرست اعلیٰ وابائے اعظم اور کائنات کی سب سے عظیم شخصیت (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم)

رب کائنات نے جب کائنات بنانے کا ارادہ کیا تو سب سے پہلے پانی کو پیدا کیا اور پھر اپنے عرش کو پیدا کیا.آپ کا عرش پانی کے اوپر ہوا کرتا تھا۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک بار صحابہ نے پوچھا کہ اللہ تعالی کائنات کی تخلیق سے پہلے کہا ہوا کرتا تھا۔آپ ﷺ نے فرمایا، اللہ اپنے عرش کے اوپر ہوا کرتا تھا اور عرش پانی کے اوپر ہوا کرتا تھا۔ پوچھا گیا ، پانی کے اوپر کہاں پر؟ آپ ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا، دور کہیں پانی کے اوپر۔

اس کے بعد اللہ تعالی نے لوح و قلم کو پیدا فرمایا اور لوحِ محفوظ پر قرآن مجید کو لکھوایا۔ قرآن مجید کی لکھائی کے تکمیل کے بعد اللہ تعالی نے دو ہزارسال تک سورہ یٰسین کی تلاوت فرمائی جو قرآن مجید کی ۳۶ ویں سورت ہے۔ جسے "قرآن کا دل" کہا جاتا ہے۔سورہ یٰسین میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

یٰسٓ ﴿1﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہوا ہے۔

(2) اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ اے محمد ﷺ) بے شک تم پیغمبروں میں سے ہو ۔

قرآن میں اسمِ محمد واسم احمدؐ:

قرآن پاک میں اسمِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم چار مرتبہ اور اسم ِ احمد ایک مرتبہ آیا ہے۔

سورہ آل عمران، آیت ۱۴۴

محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک پیغمبر ہی تو ہیں۔ اِن سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر دنیا میں گزرے ہیں، بھلا اگر یہ فوت ہو جائیں یا فوت کیے جائیں تو تم اُلٹے پاؤں پھر جاؤ گے؟ اور جو اُلٹے پاؤں پِھر جائے گا تو اللہ کا کچھ نقصان نہیں کر سکے گا اور اللہ شکر گزاروں کو بڑا ثواب دے گا۔ **سورہ الاحزاب، آیت ۴۰۔**

محمد ﷺ تمھارے مردوں میں سے کسی کے والد نہیں ہیں لیکن اللہ کے پیغمبر اور نبیوں کی مہر یعنی سلسلۂ نبوت کو ختم کر دینے والے ہیں اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

سورہ محمد، آیت ۲۔

اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور جو کتاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر نازل ہوئی، اُسے مانتے رہے اور وہ اُن کے پروردگار کی طرف سے برحق ہے جس نے اُن کے گناہ دور کر دیئے اور اُن کی حالت سنوار دِی۔

سورہ الفتح، آیت ۲۹۔

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے پیغمبر ہیں اور جو لوگ اِن کے ساتھ ہیں، وہ کافروں کے مقابلے میں تو سخت ہیں اور آپس میں رحم دِل۔ اے دیکھنے والے تو اِن کو دیکھتا ہے کہ اللہ کے آگے جھکے ہوئے سربسجود ہیں اور اللہ کا فضل اور اُس کی خوشنودی طلب کر رہے ہیں۔ کثرتِ سجود کے اثر سے اُن کی پیشانیوں پر نشان پڑے ہوئے ہیں۔اِن کے یہی اوصاف تورات میں ہیں اور یہی اوصاف انجیل میں۔ وہ گویا ایک کھیتی ہیں جس نے پہلے زمین سے اپنی سوئی نکالی، پھر اِس کو مضبوط کیا، پھر موٹی ہوئی اور پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہو گئی اور کھیتی والوں کو خوش کرتے تاکہ کافروں کا جی جلائے۔ جو لوگ اِن میں سے ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے، اُن سے اللہ نے گناہوں کی بخشش اور اَجرِ عظیم کا وعدہ کیا ہے۔

اسم احمد:

سورہ الصّف، آیت ۶۔

اور وہ وقت بھی یاد کرو جب مریم کے بیٹے عیسیٰ نے کہا کہ : اے بنی اسرائیل میں تمھارے پاس اللہ کی طرف سے بھیجا گیا ہوں، جو کتاب مجھ سے پہلے آچکی ہے یعنی تورات، اُس کی تصدیق کرتا ہوں اور ایک پیغمبر جو میرے بعد آئیں گے جن کا نام احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوگا، اُن کی بشارت سناتا ہوں۔ پھر جب وہ اِن لوگوں کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تو کہنے لگے کہ یہ تو سراسر جادو ہے۔

سادات :

لفظ سادات جمع ہے سید کی جب کہ اس کے لفظی معنی سرداران، مہتران اور فقہی تعریف کے مطابق ان افراد کو کہا جاتا ہے جن کا نسب ہاشم بن عبد مناف (رسول اللہؐ کے جد امجد) سے ملتا ہے۔

سادات کی مختلف شاخیں ہیں جن میں خاص الخاص درج ذیل ہیں:

"ہاشمی، محمدی، حَسنی، حُسینی اور علوی شامل ہیں"۔

"جناب ہاشم بن عبد مناف سید البطحا" عمروالعلا، عبد مناف کے بیٹے جو ہاشم کے نام سے موسوم ہوئے تاریخ اسلام کی اہم شخصیت ہیں۔ آپ کی پیدائش ہجرت سے ۲۰۱ سال قبل اور وفات ہجرت رسول اکرم صلی اللہ سے ۱۲۵ سال قبل واقع ہوئی۔ آپ قبیلہ قریش یا قبیلہ بنی ہاشم اور شہر مکہ کے بزرگ ترین اور بانفوذ ترین شخصیت ہیں۔ آپ نے قبیلہ قریش میں سفرِ ایام زمستان (موسم سرما) اور سفر ایام تابستان (موسم گرما) کی بنیاد ڈالی۔ گرمیوں میں آپ فلسطین غزہ اور شام کی ہجرت کرتے اور سردی کے موسم میں آپ یمن اور حبش چلے جایا کرتے تھے. جناب ہاشم نے کعبہ مکرمہ کو بہت زیادہ اہمیت دی اور تمام قریش کی کعبہ کی اہمیت، قدر و قیمت اور خدمت پر حوصلہ افزائی کیا کرتے تھے۔

حج کے دوران مکہ میں آئے ہوئے حجاج کے کھانے اور پینے کا اہتمام آپ کی ذمہ داری تھی۔ ہر سالِ دوران حج آپ اور آپ کے قبیلے کے افراد آنے والے حجاج کے لیے منوں اور ٹنوں روٹیاں بنواتے اور اسے ٹکڑے ٹکڑے کر کے گوشت کے ساتھ ملا کر حاجیوں کے درمیان بطور غذا تقسیم کیا کرتے تھے۔ عربی میں روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکرے کرنے والے کو "ہاشم" کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے آپ کا لقب ہاشم رکھا گیا۔ یعنی روٹیوں کو ٹکڑے کر کے بانٹنے والا۔

آپ کا یہ روٹی بانٹنے والا عمل اور خانہ کعبہ کی کلید دادی نے عربوں کو مجبور کر دیا کہ آپ کو "سید" کے لقب سے پکاریں , لہٰذا آپ عرب میں "سید البطحا" کے نام سے مشہور ہو

گئے۔ آپ کے بعد آپ کا یہ لقب آپ کی اولاد میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے باقی رہ گیا۔ یہ سیادت کا سلسلہ آپ کے بعد عبدالمطلب کی اولاد میں اور اس کے بعد رسول اکرم صلی اللہ و حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے ہوتا ہوا آج تک باقی ہے اور آج جو سادات موجود ہیں یا جنہیں سید کہا جاتا ہے وہ آپ ہی کی سلسلہ اولاد سے منسوب ہیں۔

اپنے تجارتی دورہ کے سلسلہ میں آپ ایک مرتبہ شہر غزہ موجودہ فلسطین گئے اور آپ کا وہاں ہی انتقال ہوگیا۔ آپ کے بارگاہ آج بھی غزہ شہر کے قدیمی حصہ میں موجود ہے جسے "مسجد سید ہاشم" کے نام سے جانا جاتا ہے۔

۱۔سادات ہاشمی :

سر چشمہ سیادت جناب ہاشم سے شروع ہوتا ہے۔ سیادت کی املاک اور سرچشمہ جناب ہاشم تھے۔ عموماً ہندو پاک اور ایران میں سید انہیں کہا جاتا ہے جن کی نسلیں حضرت علیؑ و حضرت فاطمہؓ کی نسبت سے رسول اکرم صلیٰ اللہ علیہ والہ وسلم تک پہنچتی ہیں۔ امام حسن و امام حسین کا نسب حضرت فاطمہؓ کی طرف سے رسول اکرم اور باپ کی طرف سے حضرت علیؑ سے لیکر جناب ہاشم تک پہنچتا ہے۔ لہٰذا تمام تر اولادیں سادات ہاشمی کہلائیں گی۔

۲۔سادات علوی:

سادات علوی انہیں کہا جاتا ہے جو حضرت علیؑ کی اولادیں ہیں لیکن حضرت فاطمہؓ کے بطن سے نہیں ہیں بلکہ :

1 - ام البنین والدہ حضرت ابوالفضل العباس بن حضرت علیؑ کے بطن سے ہو ں۔

2- خولہ بنت قیس والدہ محمد حنفیہّ بن حضرت علیؑ کے بطن سے ہوں۔

3- صہباء ثعلبیہ والدہ عمر بن حضرت علیؑ کے بطن سے ہوں۔

حضرت علیؑ کے ان تینوں بیٹوں کی اولادیں علوی سادات کہلائی جاتی ہیں۔

۳۔سادات علوی اور سادات حسنی و حسینی میں کیا فرق ہے؟

سادات علوی:

یہ حضرت علیؓ کی وہ اولاد ہیں جو غیر از بطن حضرت فاطمہؓ سے پیدا ہوئیں۔

سادات حسنی:

انہیں کہتے ہیں جو صرف امام حسنؓ کی اولادوں میں سے ہیں۔

سادات حسینی:

واقعات کربلا کے بعد سوائے امام سجاد علیہ السلام کی کوئی بھی سادات ہاشمی میں نہ بچ سکا تھا لہٰذا امام حسینؑ کی نسل امام زین العابدین سے آگے بڑھیں۔ امام زین العابدین سے لیکر دیگر تمام آئمہ علیہم السلام کی اولادوں کو سادات حسینی کہتے ہیں۔

ترمذی سادات (سادات حسینی):

ترمذی سادات دراصل حسینی سادات ہیں اور یہ خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں کافی تعداد میں موجود ہیں ترمذی سادات میں سب سے زیادہ معروف حضرت سید علی ترمذیؒ (المعروف پیر بابا) ہے۔آپ کی ولادت ۱۵۰۲ء بمطابق ۹۰۸ ہجری کو ازبکستان کے صوبے سرخان دریا کے شہر کندوز علاقہ ترمذ میں ہوئی اور وصال ۱۵۸۳ء بمطابق ۹۹۱ ہجری کو سوات (حالیہ بونیر) میں ہوا۔آپ کا مزار پُرانوار ضلع بونیر میں ہے۔ آپ کی اولاد بونیر، سوات، ہزارہ اور خیبر پختونخوا کے دیگر علاقوں میں موجود ہیں۔

سادات حسینی کے دیگر انساب اور ان کے رہائشی مناطق:

نقوی سادات (سادات حسینی) : ایران ، عراق، عرب، سندھ اور پاکستان میں مقیم ہیں۔

کاظمی سادات (سادات حسینی) : پاکستان، راولپنڈی، چکوال اور جہلم میں مقیم ہیں۔

شیرازی سادات (سادات حسینی) : پاکستان، ایران اور ہندوستان میں مقیم ہیں۔

ہمدانی سادات (سادات حسینی) : ایران، تاجکستان، ہندوستان اور کشمیر کے علاوہ پاکستان کے پنجاب ، راولپنڈی، چکوال اور تلہ گنگ میں رہائش پذیر ہیں۔

سبزواری سادات (سادات حسینی) : پاکستان کے علاقہ ملتان میں رہتے ہیں۔

مشہدی رضوی سادات (سادات حسینی) : پاکستان اور ہندوستان میں رہائش پذیر ہیں۔

امروہوی سادات (سادات حسینی) : پاکستان اور ہندوستان میں رہائش پذیر ہیں۔

بھاکری و بخاری سادات (سادات حسینی) : پاکستان اور ہندوستان میں رہائش پذیر ہیں۔

سرسوی نقوی سادات (سادات حسینی) : ہندوستان کے بہت سے علاقوں میں مقیم ہیں۔

4 – شریف (کی جمع اشراف) ہیں:

لغت میں لفظ شریف کے معنی قابلِ احترام، مہذب، سربراہ، سردار، حاکم، اعلیٰ، ارفع، محترم، معظم اور قابل اعتبار کے ہیں۔ شریف مکہ کے حکمران کا لقب بھی ہوا کرتا تھا (حکمران مکّہ ، شریف مکّہ) تمام سادات ہاشمی وعلوی کو اشراف کے نام سے جانا جاتا ہے۔ پرانے زمانے میں انہیں یا ان کے قبیلوں کو اشراف کے نام سے جانتے تھے۔

جن سادات کا سلسلہء نسب حضرت فاطمہؓ کے واسطے رسول اللہ سے جاملتا ہے۔ ان کی فضیلت دیگر سادات پر زیادہ ہوتی ہے۔ اس کی وجہ آیت مودت کا نزول یا رسول اکرم کی حدیث *حسین منی وانا من الحسین* بھی ہوسکتی ہے۔

آیت مودت، سورہ شوری کی آیت ۲۳ کا حصہ ہے جو اہل بیت کی فضیلت پر دلالت کرتی ہے۔

ذَلِكَ الَّذِي يُبَشِّرُ اللَّهُ عِبَادَهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ قُل لَّا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْراً إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى وَمَن يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهُ فِيهَا حُسْناً إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ شَكُورٌ۔

ترجمہ: یہ (فضل عظیم) وہ ہے جس کی خوشخبری دیتا ہے اللہ اپنے ان بندوں کو جو ایمان لائیں اور نیک اعمال کرتے رہیں (اے میرے رسول!) کہئیے کہ میں تم سے اس (رسالت کے عوض) پر کوئی معاوضہ (مزدوری و اجرت) نہیں مانگتا سوائے (میرے) قرابت داروں (اور اہل خاندان) کی محبت کے اور جو کوئی نیک کام کرے گا ہم اسے اس میں بھلائی اور زیادہ عطا کریں گے، یقینا اللہ بڑا بخشنے والا ہے۔

جناب ہاشم ابن عبد مناف کے بعد جناب عبدالمطلب نے خانہ کعبہ کے تولیت (یعنی کلید دار کعبہ) کی ذمداری اٹھائی، اور آپ ابوالبطحا (یعنی مکہ کا باپ) کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں۔ اس کے بعد آپ کے بیٹے جناب عبداللہ نے خانہ کعبہ کی کنجی ہاتھ میں لی، آپ کے انتقال کے بعد آپ کے بھائی ابوطالب نے خانہ کعبہ کے متولی مقرر کیے گئے۔ اور ان تمام لوگوں کے بعد خاتم المرسلین رحمت اللعالمین فخر رسولان و انبیاء حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ حبیب خدا نے دس (۱۰) ہجری میں جب مکہ فتح کرلیا تو خانہ کعبہ کی تولیت اپنے دست مبارک میں لے لی۔ سادات کے اشراف کہے جانے کا منبع یہی ہے اور اسی شرف نے سادات کو تمام مرتبوں اور عزت الٰہی سے سرفراز کیا۔

رسول اکرم ﷺ کے چچا جناب عباس کی اولادیں بھی "سید" کہلائی جاتی ہیں جن سے خاندان بنی عباس کا سلسلہ شروع ہوا جس سے خلافت عباسیہ کی بنیاد پڑی۔

سادات کی فضیلت و مناقب میں بہت ساری احادیث اقوال اور منقولات موجود ہیں۔

حدیث رسول اکرم ﷺ ہے :

حُبُّ علیِّ بنِ اَبی طالبٍ علیه السلام شَجَرۃٌ اَصلُها فِی الجَنَّهِ و اَغصانُها فِی الدنیا ،فَمَن تَعَلَّقَ بِغُصنِ مِنها جَرَّہُ اِلَی الجَنَّهِ ۔

ترجمہ : محبت اور دوستی علی ابن ابی طالب اس درخت کے مانند ہیں جس کی جڑیں بہشت میں ہیں اور اس کی شاخیں اس دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں ، جو ان شاخوں کو پکڑ کر لٹک گیا وہ بہشت تک پہنچ گیا۔

سیدان، میاں گان اورسادات کی اقسام:

(۱) سیّد یاسادات حقیقی (۲) سیّد یاسادات نسبی

(۱) سیّد یاسادات ِ حقیقی کی تعریف:

سید یاساداتِ حقیقی وہ سید ہیں جو فاطمی ہیں یعنی حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ بنت رسول اللہ ﷺ کی اولاد میں سے ہیں۔ عربی میں ان کے لیے شریف کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ سید کا لفظی مطلب سردار کا ہے جو احتراماً ان کو حضرت محمد صلی اللہ ﷺ کی قرابت کی وجہ سے کہا جاتا ہے۔

(۲) سید یاسادات ِ نسبی کی تعریف:

سید یا ساداتِ نسبی وہ سید ہیں جو حضرت علیؓ کے دوسرے بی بی مبارکہ کی اولاد میں سے ہیں، جیسے علوی، اعوان وغیرہ، یہ قریشی ہیں، سید ان کے لیے خاص نہیں ہیں۔

اس حدیث کو صحابہ کی ایک جماعت نے نقل کیا ہے جن میں عمر بن خطاب رضی اللہ عن بھی شامل ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا:

كُلُّ سَبَبٍ وَنَسَبٍ مُنْقَطِعٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إلاَّ سَبَبِي وَنَسَبِ۔

"سب حسب نسب روز قیامت قطع ہو جائیں گے سوائے میرے حسب اور نسب کے "

اس حدیث کے مطابق رب کائنات نے ارادہ کر رکھاہے کہ روز محشر ہر نسب اور نسل ختم ہو جائے گی سوائے حبیبی کبریا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی نسل اور نسب کے یہ اللہ کا

ارادہ ہے اور خدا کا ارادہ کبھی بھی تبدیل نہیں ہوتا۔ رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان کائنات کے ہر ذی روح پر واضح کر رہا ہے رسول اللہ کا نسب اور نسل سورہ کوثر کی تفسیر ہے کیونکہ کوثر سے مراد سیدۂ کائنات صلواۃ اللہ علیہا ہیں اس معظّمہ بی بی کی نسل روز قیامت کے بعد بھی جاری رہے گی۔جب دشمن رسول اللہ کے دروازے پر دستک دے کر کہتے تھے اے محمد ! تم ابتر ہو تب اللہ نے یہ ارادہ کیا کہ میں روز محشر ہر نسل کو ختم کر دوں گا مگر سیدہ فاطمہ زہرا جو قرآن مجید کی سورہ الکوثر کے مطابق " کوثر " ہیں کی نسل قطع نہیں ہو گی۔

شجرہء نسب پاپینی میاں گان (سیدان- ساداتِ حسنی):

" اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۚ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجَاتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا "

سورۃ الاسراء/بنی اسرائیل آیت:۲۱

ترجمہ: "ذرا دیکھو تو کہ ہم نے بعض لوگوں کو بعض پر کیسی فضیلت دی ہے اور آخرت کے درجے تو کہیں بڑھ کر ہیں اور وہاں کی فضیلت بھی تو کہیں بڑھ کر ہے"۔

حدیثِ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے:

"قیامت کے دن ہر حسب و نسب منقطع ہو جائے گا بجز میرے حسب و نسب کے"۔

امیر المومنین علی کرم اللہ کا ارشاد ہے:

"جسے اس کے اعمال پیچھے ہٹادیں اُسی طرح اُس کا نسب آگے نہیں بڑھا سکتا"۔

پاپینی میاں گان (سیدان - سادات حسنی):

ان کا شجرہء نسب حضرت محمد ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ زہرا ؓ اور نواسے حضرت امام حسن ؓ کے صاحبزادے سید حسن المثنیٰ (قریشی و ہاشمی) سے جا ملتا ہے۔

حضرت فاطمہ زہراؓ۔ حضرت امام حسنؓ۔ سید حسن المثنیٰ۔ سید عبداللہ المخلص۔ سید محمد (النفس الزکیہ)۔ سید عبداللہ کامل ۔ سید محمد اصغر۔ سید حسن نقیب۔ سید قاسم۔ سید ابو جعفر۔ سید عیسی۔ سید یوسف۔ سید رشید احمد غزنوی۔ سید قطب الدین۔ سید نظام الدین۔ سید رکن الدین۔ سید احمد۔ سید محسن۔ سید فخرالدین۔ سید نجم الدین۔ سید خواجہ بدرالدین۔ سید شاہ قران۔ سید بابو جان۔ سید دربانی۔ سید محمد کلان۔ سید شاہ مخان ۔سید شاہ دالدین۔ سید محمد ریحان۔ میاں محمد شریف (پاپین، افغانستان)۔

حضرت سید شاہ دالدین رَحمَۃُاللہ عَلَیہ

پسرانِ حضرت سید شاہ دالدین رَحمَۃُاللہ عَلَیہ

۱: سید دریخان

۲: سید ریحان

پسرانِ سید دریخان

۱: میاں محمّد طاہر

پسرانِ سید ریحان

۱: میاں محمّد شریف

پسرانِ حضرت میاں محمد طاہر رَحمَۃُاللہ عَلَیہ و رہائشی مناطق:

1. **میاں دوست محمد رحمتہ اللہ علیہ:** آستانہ مبارک " شبقدر چارسدہ اور ڈھیرئی جولگرام"۔

   رہائشی مناطق اولاد: ڈھیرئی جولگرام اور ضلع ملاکنڈ میں ہیں۔

2. **میاں علی محمد رحمتہ اللہ علیہ:** آستانہ مبارک "خوست افغانستان"۔

رہائشی مناطق اولاد: صوبہ خوست افغانستان، مٹہ مغل خیل، کانگڑہ اور شب قدر ضلع چارسدہ پاکستان میں ہیں۔

3. **میاں یار محمد پاپینی رحمتہ اللہ علیہ:** آستانہ مبارک " پاپین ننگرہار افغانستان"۔

رہائشی مناطق اولاد: مٹہ مغل خیل، کانگڑہ اور شب قدر ضلع چارسدہ پاکستان میں ہیں۔

4. **میاں محمد فاضل رحمتہ اللہ علیہ :** آستانہ مبارک "مٹہ مغل خیل اور ضلع چارسدہ "۔

رہائشی مناطق اولاد: مٹہ مغل خیل اور شب قدر ضلع چارسدہ میں ہیں۔

میاں محمّد شریف بابا (پورا نام: میاں سید محمّد شریف-اخوند):

مرکزی آستانہ مبارک: "پاپیں، ننگرہار افغانستان"۔

پسرانِ حضرت میاں محمّد شریف رَحمۃُاللہ عَلَیہ ورہائشی مناطق:

۱: **میاں محمّد صادق بابا:** پورا نام "میاں سید محمّد صادق — اخوند"

مرکزی آستانہ مبارک: بنکڈ کوہستان ۔

رہائشی مناطق اولاد: سیدو شریف، گلی گرام، سیرئی، اخوند بابا، بلوگرام، کلا ڈھیر، زولا ڈھیر اور گوگدرہ، ضلع سوات میں رائش پذیر ہیں۔

۲: **میاں محمّد ابا یوسف بابا:** پورا نام: میاں سید محمّد ابا یوسف-اخوند"۔

مرکزی آستانہ مبارک : نجیگرام ضلع سوات

رہائشی مناطق اولاد : نجیگرام، کڑاکڑ، اور بونیر میں مقیم ہیں۔

۳: **میاں محمّد صدیق بابا:** پورا نام "میاں سید محمّد صدیق-اخوند" ۔

مرکزی آستانہ مبارک : نوے کلے مینگورہ سوات۔

رہائشی مناطق اولاد : لیلونئ ضلع شانگلہ اور ڈھڈھرہ ضلع سوات میں مقیم ہیں۔

۴ : **میاں محمّد عبدالحمید بابا:** پورانام "میاں سید محمّد عبدالحمید- اخوند" ۔
مرکزی آستانہ مبارک: "پاپیں، اور ننگرہار افغانستان " ۔
رہائشی مناطق اولاد: پاپیں وملحقہ مضافات، ننگرہار افغانستان۔

۵ : **میاں محمّد عمر بابا:** پورانام "میاں سید محمّد عمر-اخوند"۔
مرکزی آستانہ مبارک: "گنج الاولیاء، گانجلہ ضلع لوئر دیر "۔
رہائشی مناطق اولاد: گانجلہ، ضلع لوئر دیر میں مقیم ہیں۔

٦ : **میاں محمّد امین بابا** : پورانام : "میاں سید محمّد امین-اخوند"۔
مرکزی آستانہ مبارک:" شلاوو ،غوربند ضلع شانگلہ "۔
رہائشی مناطق اولاد: شلاووادر غوربند ضلع شانگلہ میں مقیم ہیں۔

میاں محمد صادق بابا:

پسرانِ میاں محمد صادق بابا

ا: حضرت میاں دوست محمد رَحْمَۃُ اللّٰہ عَلَیہ (المعروف انگنڑ بابا):

حضرت میاں دوست محمد رَحْمَۃُ اللّٰہ عَلَیہ کی ولادت ۳۹۴ ہجری الموافق ۱۰۰۳عیسوی کو صوبہ ننگرہار (جلال آباد- پاپین) افغانستان میں ہوئی۔ جب کہ

آپ کا وصال ۴۸۱ ہجری الموافق ۱۰۹۰ عیسوی سید و شریف سوات پاکستان میں ہوئی ۔(سید و شریف کے پاپینی میاں گان ان کی نسل سے ہیں)۔

۲: حضرت میاں مکرم شاہ رَحمَۃُاللہ عَلَیہ (المعروف میاں بابا):

حضرت میاں مکرم شاہ رَحمَۃُ اللہ عَلَیہ کی ولادت ۴۰۵ ہجری الموافق ۱۰۱۴ عیسوی کو صوبہ ننگرہار (جلال آباد - پاپین) افغانستان میں ہوئی۔

حضرت میاں مکرم شاہ رَحمَۃُ اللہ عَلَیہ شمس العلماء و شمس العاشقین ، سراج العارفین و بدر الصلحاء ، ضیائے بدر ہدایت، واقف رموز حقیقت، صاحب ذوق و شوق و زُہد و تقویٰ و عبادت، قطب الثقلین ، سُلَالہ ارباب طریقت و کرامات تھے۔ آپ کا خاندانی تعلق ساداتِ کرام کے عظیم خاندان سے ہے۔آپ کا وصال ۴۹۷ ہجری الموافق ۱۱۰۶ عیسوی کو ۹۲سال کی عمر میں گاؤں سیرئی، گلی گرام، سوات پاکستان، میں ہوئی۔

(گاؤں سیرئی، گلی گرام، سوات پاکستان کے میاں گان ان کی نسل سے ہیں)۔

عالم اسلام کے چند اہم اولیاء، دانشوران، مفکرین، فلسفیوں اور صوفیاء میں سے ایک حضرت میاں مکرم شاہ رَحمَتُ اللہ عَلَیہ (المعروف میاں بابا) ہیں۔ آپ کے والد کا نام حضرت میاں محمد صادق تھا۔

آپ قرآن مجید کے شرح و تفسیر کے علاوہ علومِ باطنی اور علومِ ظاہری کا بھی وسیع علم رکھتے تھے، احادیث مبارکہ کے وسیع علم کے ساتھ ساتھ تصوف کے اعلیٰ مقام پر پہنچ چکے تھے۔ آپ کے درسِ توحید و ہدایت سے کئی افراد مستفید ہوئے اور متعدد حضرات منازل سلوک طے کر کے صاحبِ کمال ہوئے۔

اگر بندے کا سر سچے دل کے ساتھ رب کائنات کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسے مستجاب الدعوات بنا دیتے ہیں۔ حضرت میاں مکرم شاہ رَحمَتُ اللہ عَلَیہ بھی ایسی ہی عظیم المرتبت ہستیوں میں شامل ہیں۔ آپ کے مزار پر پاکستان کے کونے کونے

سے لوگ زیارت کرنے آتے ہیں۔اس مزارِ کی دہلیز پر آنا عام و خاص، امیر و غریب اپنے لیے باعث فخر تصور کرتے ہیں۔ یہ وہ مقام ہے، جہاں آکر بڑے بڑے ہستیوں کی پیشانیاں خم ہوئیں،ایک زمانہ ایسا بھی رہا ہے کہ آپ کے مزار پر سوات اور دیگر ریاستوں کے شاہانِ وقت ننگے پیر آیا کرتے تھے۔ سوات کی تاریخ اس بات کا شاہد ہے کہ کرہ ارض کے اس حصے میں یہ خیال عام رہا ہے کہ ظاہری حکمرانی کسی کی بھی ہو لیکن باطنی حکمرانی اس علاقے میں حضرت میاں مکرم شاہ رحمت اللہ علیہ (المعروف میاں بابا) کی ہی چلتی ہے۔ اگر دیکھا جائے تو در حقیقت سلطان سوات آپ ہی ہیں۔

سوات اور ملحقہ ریاستوں میں دینِ اسلام کی روشنی پھیلانے، توحیدِ باری تعالیٰ اور حضرت محمد ﷺ کی رسالت کا پیغام انسانوں تک پہنچانے میں حضرت میاں مکرم شاہ رحمت اللہ علیہ (المعروف میاں بابا) کی درخشاں خدمات آنے والی نسلوں کے لیے زندہ مثال ہیں۔آپ اعلیٰ پائے کے ولی اور سچے عاشقِ رسول تھے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اولیاء کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا:
اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللہَ لَاخَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ. اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ. لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ ط لَا تَبْدِیْلَ لِکَلِمٰتِ اللہَ ط ذٰلِکَ ھُوَ الفَوْزُ الْعَظِیْمُ.

ترجمہ: ''سن لو اللہ کے دوستوں پر نہ خوف ہے اور نہ وہ غمزدہ ہوں گے۔ وہ جو ایمان لائے اور اس کی نافرمانی سے بچتے رہے۔ انہی کے لیے خوشخبری ہے، دنیوی زندگی میں اور آخرت میں، اللہ کی باتیں بدلا نہیں کرتیں، یہی بڑی کامیابی ہے''۔ سورۃ یونس

ازواج میاں مکرم شاہ رَحْمَۃُاللہ عَلَیہ (المعروف میاں بابا):

